

# مکئی کی منافع بخش پیداوار
# لکی کور انڈسٹریز کراپ مینیجمنٹ
# پروگرام کے ساتھ



LCI
LUCKY CORE INDUSTRIES


#JourneyOfEnrichingLives

گندم اور چاول کے بعد مکئی سب سے زیادہ اہم غذائی فصل ہے۔مکئی کی فصل سال میں دو مرتبہ لگائی جاتی ہے۔خوردنی اجناس میں سب سے کم وقت میں زیادہ پیداوار دینے کی صلاحیت کی وجہ سے منافع بخش فصل گردانی جاتی ہے۔غذائی اعتبار سے مکئی کی فصل بہت اہمیت کی حامل ہے۔

مکئی کی بے شمار مصنوعات بھی انسانی غذا کے طور پر استعمال ہوتی ہیں جن میں کارن آئل، کارن فلور، کارن فلیکس، کسٹرڈ پاوڈر، نشاستہ اور گلوکوز خاص طور پر اہمیت کے حامل ہیں۔مکئی جانوروں اور مرغیوں کی خوراک کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہے۔

پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور ہماری معیشت کا انحصار زراعت پر ہے لیکن ہماری مکئی کی پیداوار دنیا کے دیگر ممالک کے مقابلے میں کافی کم ہے۔کم پیداوار کی اہم وجوہات میں کھادوں کا غیر متوازن استعمال، جڑی بوٹیوں اور کیڑے مکوڑوں کا بروقت تدارک شامل ہیں۔


لکی کورانڈسٹریز لمیٹڈ کے زرعی ماہرین کاشتکاروں کو گاہے بگاہے مفید مشورے اور معلوماتی مواد پہنچاتے رہتے ہیں تاکہ مکئی کی پیداوار میں اضافہ ممکن بنا کر کاشتکاروں کی معاشی حالت بہتر بنائی جا سکے۔لکی کورانڈسٹریز کے زرعی ماہرین کی اس کتابچہ میں دی گئی سفارشات پر عمل کر کے کاشتکار حضرات مکئی کی معیاری اور منافع بخش پیداوار حاصل کر سکتے ہیں۔



## لکی کورانڈسٹریز کے سفارش کردہ بیج کی اقسام

- ہائی کارن 11 پلس
- ہائی کارن 339
- ہائی کارن 555
- ہائی کارن 999 سُپر

## ہائی کارن 11 پلس




- عمدہ پیداواری صلاحیت
- مضبوط جڑیں،فصل گرنے اوردانے ضائع ہونے سے محفوظ
- سرخی مائل رنگ کے خوشنما دانے
- لمبی اور یکساں سائز کی چھلیاں
- زیادہ گرمی برداشت کرنے کی صلاحیت
- بیماریوں اور کیڑے کے خلاف قوت برداشت

## ہائی کارن 339




- درمیانہ قد اور مضبوط جڑیں،فصل گرنے سے محفوظ
- دانوں سے بھری ہوئی مکمل چھلیاں
- فصل کی برداشت تک پودا سرسبز، چارے کیلئے قابل استعمال
- بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت

## ہائی کارن 555




- درمیانی اور پچھیتی کاشت کیلئے موزوں
- بہترین پیداواری صلاحیت
- کم وبیش 100-105 دن میں پک کر تیار
- سائیلج کیلئے موزوں ترین ہائبرڈ بیج
- دانوں کی بہترین شرح فیصد (Excellent Shelling Percentage)
- نارنجی رنگت کے دانے مارکیٹ میں قیمت نسبتاً زیادہ
- درمیانہ قد اور مضبوط جڑیں،فصل گرنے سے محفوظ

## ہائی کارن 999 سُپر




- درمیانی اور پچھیتی کاشت کیلئے موزوں
- بہترین پیداواری صلاحیت
- کم وبیش 100-105 دن میں پک کر تیار
- دانوں کی بہترین شرح فیصد (Excellent Shelling Percentage)
- نارنجی رنگت کے دانے مارکیٹ میں قیمت نسبتاً زیادہ
- درمیانہ قد اور مضبوط جڑیں،فصل گرنے سے محفوظ

## کسان کا دوست ۔۔۔ میٹولا گولڈ

# میٹولا گولڈ
960 ای سی




## میٹولا گولڈ کی نمایاں خصوصیات

- ڈیلا، سوانکی، اٹ سٹ اور مکئی میں موجود دیگر جڑی بوٹیوں کا اگنے سے پہلے ہی خاتمہ
- جڑی بوٹیوں پر لمبے عرصے کا کنٹرول
- گوڈی چوکی کی پریشانی سے نجات
- فصل کو خوراکی اجزاء کی بھرپور فراہمی
- پیداوار میں اضافہ
- استعمال میں نہایت آسان

### سفارشات برائے استعمال

| فصل | زمین کی حالت | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|---|
| کپاس، مکئی، پیاز، آلو، مٹر، سورج مکھی، بھنڈی | ہلکی میرا، درمیانی میرا | 800 ملی لیٹر |
| | بھاری میرا اور ریتلی زمین | 800 ملی لیٹر |
| | چکنی زمین | 800 ملی لیٹر |
| گنا | | 1000 ملی لیٹر |

بیجائی کے 24 گھنٹوں کے اندر مندرجہ بالا مقدار کے حساب سے استعمال کریں۔

# سیگا برائیٹ
36 فیصد ایف ایس

سیگا برائیٹ جدید ایف ایس فارمولیشن کی وجہ سے بیج پر زیادہ دیر تک چپکنے کی صلاحیت کی بدولت بیج کے گرد حفاظتی حصار بنا لیتا ہے اور فصل کو لمبے عرصے تک بیماریوں اور شوٹ فلائی کے خلاف تحفظ فراہم کرتا ہے۔

## سیگا برائیٹ کی نمایاں خصوصیات




- بیجوں کا بھرپور اور جاندار اگاؤ
- جڑوں کی زیادہ نشوونما، لمبی اور گھنی جڑیں
- بیجوں پر چپکنے کی بہترین صلاحیت سے لمبے عرصے کا تحفظ
- فصل ابتداء سے ہی شوٹ فلائی اور بیماریوں سے محفوظ
- فی ایکڑ پودوں کی زیادہ تعداد، پیداوار میں یقینی اضافہ
- بیجوں کے گرد حفاظتی حصار کی وجہ سے فصل منفی اثرات سے محفوظ

# فرٹی ہیوما

## پوٹاشیئم ہیومیٹ

**پوٹاش کی اضافی طاقت کے ساتھ**

100% حل پذیر

### فرٹی ہیوما کی نمایاں خصوصیات

- **فرٹی ہیوما** کا استعمال زمین کو نرم اور بھربھرا کرتا ہے جس سے پودے کا اُگاؤ بہتر ہوتا ہے
- **فرٹی ہیوما** زمین کے کیمیائی تعامل (pH) کو معتدل کرنے میں مدد دیتا ہے
- **فرٹی ہیوما** زمین میں نمی برقرار رکھنے کی صلاحیت کو بڑھاتا ہے جس سے فصل پانی کی کمی کا شکار نہیں ہوتی
- **فرٹی ہیوما** زمین میں نامیاتی مادے کی کمی پوری کرتا ہے جس سے زمین کی زرخیزی میں اضافہ ہوتا ہے
- **فرٹی ہیوما** پودے کو زمین سے خوراکی اجزاء حاصل کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے جس سے پودے کی جڑیں اور تنے مضبوط ہو جاتے ہیں
- **فرٹی ہیوما** زمینی نقصان دہ پھپھوندی (Harmful Fungus) کو کنٹرول کرنے میں مدد کرتا ہے
- **فرٹی ہیوما** فائدہ مند خوردبینی جانداروں (Beneficial Micro-organisms) کے کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرتا ہے




**سفارشات برائے استعمال**

| مقدار برائے استعمال | وقت استعمال |
|---|---|
| 8 کلوگرام فی ایکڑ | زمین کی تیاری کے وقت استعمال کریں |

# زنگرین

**فصل کی بھرپور نشوونما اور بہترین پیداواری کوالٹی کیلئے**

### زنگرین کے نمایاں خصوصیات

- **زنگرین** دانے دار ہونے کی وجہ سے چھٹہ کرنے میں آسان ہے
- **زنگرین** پانی میں حل پذیری کی وجہ سے فصل کو فوری دستیاب ہو جاتا ہے
- **زنگرین** کے استعمال سے دانوں کے سائز اور وزن میں اضافہ ہوتا ہے
- **زنگرین** کے استعمال سے سبزیوں، پھلوں، اجناس اور دیگر فصلوں کی پیداواری کوالٹی بھی بہتر ہوتی ہے




**سفارشات برائے استعمال**

| مقدار برائے استعمال | وقت استعمال |
|---|---|
| 7.5 کلوگرام فی ایکڑ | پہلے پانی پر چھٹہ کریں |

# فل کنٹرول

50 فیصد ڈبلیو پی

## فل کنٹرول سے جڑی بوٹیوں پر مکمل کنٹرول




## فل کنٹرول کی نمایاں خصوصیات

- دو مختلف جڑی بوٹی مار زہروں پر مشتمل منفرد پروڈکٹ ہے
- مخصوص طریقہ اثر۔ چوڑے پتوں والی، گھاس نما اور ڈیلا خاندان کی جڑی بوٹیوں پر یکساں مؤثر
- دوطرفہ سرائیت پذیری کی صلاحیت۔ جڑی بوٹیوں کا مکمل خاتمہ
- فصل کے ساتھ بہترین مطابقت
- زمین میں موجود خوردبینی جانداروں کے لئے بے ضرر
- ماحول دوست جڑی بوٹی مار زہر
- مکئی میں اُگی ہوئی جڑی بوٹیوں پر دیرپا اور مکمل کنٹرول

### سفارشات برائے استعمال

| جڑی بوٹیاں | مقدار فی ایکڑ |
|---|---|
| چوڑے پتوں والی، گھاس نما اور ڈیلا خاندان کی جڑی بوٹیاں | 360-270 گرام |

# نوٹس

**کیڑے کا بروقت خاتمہ۔۔۔رہے فصل سرسبز وتوانا**

**نوٹس** کا تعلق فینائل پائیرازول گروپ سے ہے جو اپنے لمسی اور شکمی طریقہ اثر کی وجہ سے کیڑے کے اعصابی نظام کو متاثر کر کے ان کی ہلاکت کا باعث بنتا ہے۔

**نوٹس** ایک مؤثر اور وسیع دائرہ عمل رکھنے والا کیڑے مار زہر ہے جو کہ تنے کی سنڈیوں، پلانٹ ہاپر اور لیف فولڈر پر بہترین کنٹرول فراہم کرتا ہے۔




## نوٹس کی نمایاں خصوصیات

- **نوٹس** تنے کی سنڈیاں، پتہ لپیٹ سنڈی اور پلانٹ ہاپر کا مکمل خاتمہ کرتا ہے
- **نوٹس** اپنی سرائیت پذیری کی خاصیت کی وجہ سے پودے کے تمام حصوں پر موجود کیڑوں کو ہلاک کرتا ہے
- **نوٹس** ایک مئوثر اور دیرپا کنٹرول فراہم کرنے والا زہر ہے
- **نوٹس** فصل کو سرسبز وشاداب رکھتا ہے

# ایماڈوکس

9 فیصد ایس سی

**سنڈیوں کے خلاف بہترین ہتھیار**

**ایماڈوکس** دور حاضر کا منفرد مرکب ہے جو کہ مختلف اقسام کی سنڈیوں کا خاتمہ کرتا ہے۔

**ایماڈوکس** کے اسپرے سے سنڈیاں فوراً مفلوج ہو کر نقصان کرنا بند کر دیتی ہیں اور چند ہی گھنٹوں میں سنڈیوں کا صفایا ہو جاتا ہے۔




## ایماڈوکس کی نمایاں خصوصیات

- جدید کیمسٹری پر مشتمل منفرد پروڈکٹ
- پتے اور پھل کھانے والی سنڈیوں پر دیرپا کنٹرول
- پتوں کے آرپار جذب ہونے کی صلاحیت کی وجہ سے نیچے چھپے ہوئے کیڑوں پر بھی مؤثر کنٹرول
- بارش کے بعد بھی اثر برقرار
- روایتی زہروں کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والی سنڈیوں کے خلاف کارگر

# فرٹی میکرو

**متوازن خوراکی اجزاء پودوں کی کرے بہترین نشوونما**







## فرٹی میکرو کی نمایاں خصوصیات

- **فرٹی میکرو** 100 فیصد پانی میں حل پذیر ہے
- **فرٹی میکرو** میں پتوں کے ذریعے با آسانی جذب ہونے کی صلاحیت موجود ہے
- **فرٹی میکرو** نقصان دہ نمکیات سوڈیم کلورائیڈ سے مکمل پاک
- **فرٹی میکرو** پودے کی بڑھوتری میں اضافہ کرتا ہے
- **فرٹی میکرو** میں موجود فاسفورس پودے میں توانائی کی ترسیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے
- **فرٹی میکرو** میں موجود پوٹاش پودوں میں پانی کے اخراج اور نمی کو کنٹرول کرتا ہے اور پانی کی کمی کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرتا ہے
- **فرٹی میکرو** میں موجود دیگر اجزائے صغیرہ پودے کے پیداواری عوامل کو بہتر کرتے ہیں




## سفارشات برائے استعمال

| مقدار فی ایکڑ 100 لیٹر پانی | وقت استعمال |
|---|---|
| 1 سے 2 کلوگرام | پھول آنے سے پہلے اسپرے کریں |

# **اکیڈو**

2.5 فیصد ای سی

## سنڈیوں کا حشر نشر

**اکیڈو** ایک مؤثر اور وسیع العمل کیڑے مار زہر ہے۔ اس میں موجود زہر کیڑوں کو ہلاک کرنے کی بے مثال طاقت رکھنے کے ساتھ ساتھ سنڈیوں کے انڈے ضائع کرنے اور رس چوسنے والے کیڑوں کو بھی ختم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ **اکیڈو** اپنے طاقتور اثر کی وجہ سے سنڈیوں اور رس چوس کیڑوں پر مؤثر کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

## **اکیڈو** کی نمایاں خصوصیات

- **اکیڈو** ایک مؤثر اور وسیع العمل کیڑے مار زہر ہے
- **اکیڈو** کیڑوں کے اعصابی نظام کو تباہ کر کے ان کے خاتمے کا باعث بنتا ہے
- **اکیڈو** رس چوسنے والے کیڑوں کا بھی خاتمہ کرتا ہے
- **اکیڈو** ہر قسم کے موسم کیلئے یکساں مؤثر ہے



# فرٹی کے 50

## فصلوں کی بہتر کوالٹی اور پیداوار میں معاون







### فرٹی کے 50 کی نمایاں خصوصیات

- فرٹی کے 50 ایک حل پذیر کھاد ہے جس میں پوٹاش کے علاوہ سلفر کی اضافی مقدار بھی موجود ہے جو پودوں کی افزائش، طاقت اور پیداوار کیلئے ضروری ہے
- فرٹی کے 50 پتوں میں بننے والی خوراک کو پودوں کے دوسرے حصوں تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے
- فرٹی کے 50 نقصان دہ نمکیات مثلاً کلورائیڈ سے مکمل پاک ہے لہٰذا اس کے استعمال سے فصل یا زمین پر کوئی برا اثر نہیں پڑتا
- فرٹی کے 50 کے استعمال سے چھلی کے سائز، دانوں کے وزن، کوالٹی اور پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے
- فرٹی کے 50 پودوں میں بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرتا ہے




#### سفارشات برائے استعمال

| مقدار فی ایکڑ 100 لیٹر پانی | وقت استعمال |
|---|---|
| 2 کلوگرام | 4 تا 6 پتوں کے مرحلے پر پہلا اسپرے کریں اور 10 دن کے وقفے سے دہرائیں |

بور آنے سے پہلے 10 کلوگرام فی ایکڑ آبپاشی کے ساتھ استعمال کریں

# مرحلہ وار مینجمنٹ

| مسئلہ | بجائی کا مرحلہ | 3 سے 4 پتوں کی حالت | 6 پتوں کی حالت | 8 پتوں کی حالت | 10 سے 12 پتوں کی حالت | بور نکلنے سے پہلے |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شوٹ فلائی | سیگا برائیٹ 36 فیصد ایف ایس | نوٹس 5 فیصد ایس سی / اکیڈو 2.6 فیصد (w/v) ای سی | | | | |
| جڑی بوٹیاں | میٹولا گولڈ 960 ای سی | فل کنٹرول 50 فیصد ڈبلیو پی | | | | |
| تنے کی سنڈی | | | نوٹس 5 فیصد ایس سی | | | |
| فال لشکری سنڈی اور تنے کی سنڈی | | ایماڈوکس 9 فیصد ایس سی | | | | |
| خوراکی اجزاء کی فراہمی | فرٹی ہیوما | زنگرین | فرٹی میکرو | | فرٹی کے 50 | |







LUCKY CORE INDUSTRIES

#JourneyOfEnrichingLives

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ۔ ایگری سائنسز
63-مزنگ روڈ لاہور۔
ہیلپ لائن: 0800-73337